www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

Test Booklet Code & Serial No.
प्रश्नपत्रिका कोड व क्रमांक

**B**

# Paper-III
# URDU

Seat No. ______
(In figures as in Admit Card)

Seat No. ........................................................
(In words)

OMR Sheet No. ______
(To be filled by the Candidate)

**Signature and Name of Invigilator**

1. (Signature) ..........................................
(Name) ..............................................
2. (Signature) ..........................................
(Name) ..............................................

**JAN - 05318**

**Time Allowed : 2½ Hours]** **[Maximum Marks : 150**

Number of Pages in this Booklet : **20** Number of Questions in this Booklet : **75**

**Instructions for the Candidates**

1. Write your Seat No. and OMR Sheet No. in the space provided on the top of this page.
2. This paper consists of **75** objective type questions. Each question will carry *two* marks. *All* questions of Paper-III will be compulsory, covering entire syllabus (including all electives, without options).
3. At the commencement of examination, the question booklet will be given to the student. In the first 5 minutes, you are requested to open the booklet and compulsorily examine it as follows :
   (*i*) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of this cover page. Do not accept a booklet without sticker-seal or open booklet.
   (*ii*) **Tally the number of pages and number of questions in the booklet with the information printed on the cover page. Faulty booklets due to missing pages/questions or questions repeated or not in serial order or any other discrepancy should not be accepted and correct booklet should be obtained from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given. The same may please be noted.**
   (*iii*) After this verification is over, the OMR Sheet Number should be entered on this Test Booklet.
4. Each question has four alternative responses marked (A), (B), (C) and (D). You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each item.
   **Example :** where (C) is the correct response.
   (A) (B) ● (D)
5. Your responses to the items are to be indicated in the **OMR Sheet given inside the Booklet only.** If you mark at any place other than in the circle in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Read instructions given inside carefully.
7. Rough Work is to be done at the end of this booklet.
8. If you write your Name, Seat Number, Phone Number or put any mark on any part of the OMR Sheet, except for the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity, or use abusive language or employ any other unfair means, you will render yourself liable to disqualification.
9. You have to return original OMR Sheet to the invigilator at the end of the examination compulsorily and must not carry it with you outside the Examination Hall. You are, however, allowed to carry the Test Booklet and duplicate copy of OMR Sheet on conclusion of examination.
10. **Use only Blue/Black Ball point pen.**
11. **Use of any calculator or log table, etc., is prohibited.**
12. **There is no negative marking for incorrect answers.**

**विद्यार्थ्यांसाठी महत्त्वाच्या सूचना**

1. परिक्षार्थींनी आपला आसन क्रमांक या पृष्ठावरील वरच्या कोपऱ्यात लिहावा. तसेच आपणांस दिलेल्या उत्तरपत्रिकेचा क्रमांक त्याखाली लिहावा.
2. सदर प्रश्नपत्रिकेत **75** बहुपर्यायी प्रश्न आहेत. प्रत्येक प्रश्नास **दोन** गुण आहेत. या प्रश्नपत्रिकेतील **सर्व** प्रश्न सोडविणे अनिवार्य आहे. सदरचे प्रश्न हे या विषयाच्या संपूर्ण अभ्यासक्रमावर आधारित आहेत.
3. परीक्षा सुरू झाल्यावर विद्यार्थ्याला प्रश्नपत्रिका दिली जाईल. सुरुवातीच्या 5 मिनीटांमध्ये आपण सदर प्रश्नपत्रिका उघडून खालील बाबी अवश्य तपासून पहाव्यात.
   (*i*) प्रश्नपत्रिका उघडण्यासाठी प्रश्नपत्रिकेवर लावलेले सील उघडावे. सील नसलेली किंवा सील उघडलेली प्रश्नपत्रिका स्विकारू नये.
   (*ii*) **पहिल्या पृष्ठावर नमूद केल्याप्रमाणे प्रश्नपत्रिकेची एकूण पृष्ठे तसेच प्रश्नपत्रिकेतील एकूण प्रश्नांची संख्या पडताळून पहावी. पृष्ठे कमी असलेली/कमी प्रश्न असलेली/प्रश्नांचा चूकीचा क्रम असलेली किंवा इतर त्रुटी असलेली सदोष प्रश्नपत्रिका सुरुवातीच्या 5 मिनिटातच पर्यवेक्षकाला परत देऊन दुसरी प्रश्नपत्रिका मागवून घ्यावी. त्यानंतर प्रश्नपत्रिका बदलून मिळणार नाही तसेच वेळही वाढवून मिळणार नाही याची कृपया विद्यार्थ्यांनी नोंद घ्यावी.**
   (*iii*) वरीलप्रमाणे सर्व पडताळून पहिल्यानंतरच प्रश्नपत्रिकेवर ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेचा नंबर लिहावा.
4. प्रत्येक प्रश्नासाठी (A), (B), (C) आणि (D) अशी चार विकल्प उत्तरे दिली आहेत. त्यातील योग्य उत्तराचा रकाना खाली दर्शविल्याप्रमाणे ठळकपणे काळा/निळा करावा.
   **उदा. :** जर (C) हे योग्य उत्तर असेल तर.
   (A) (B) ● (D)
5. या प्रश्नपत्रिकेतील प्रश्नांची उत्तरे **ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेतच दर्शवावीत.** इतर ठिकाणी लिहीलेली उत्तरे तपासली जाणार नाहीत.
6. आत दिलेल्या सूचना काळजीपूर्वक वाचाव्यात.
7. प्रश्नपत्रिकेच्या शेवटी जोडलेल्या कोऱ्या पानावरच कच्चे काम करावे.
8. जर आपण ओ.एम.आर. वर नमूद केलेल्या ठिकाणा व्यतिरीक्त इतर कोठेही नाव, आसन क्रमांक, फोन नंबर किंवा ओळख पटेल अशी कोणतीही खूण केलेली आढळून आल्यास अथवा असभ्य भाषेचा वापर किंवा इतर गैरमार्गांचा अवलंब केल्यास विद्यार्थ्याला परीक्षेस अपात्र ठरविण्यात येईल.
9. परीक्षा संपल्यानंतर विद्यार्थ्याने मूळ ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिका पर्यवेक्षकांकडे परत करणे आवश्यक आहे. तथापी, प्रश्नपत्रिका व ओ.एम.आर. उत्तरपत्रिकेची द्वितीय प्रत आपल्याबरोबर नेण्यास विद्यार्थ्यांना परवानगी आहे.
10. **फक्त निळ्या किंवा काळ्या बॉल पेनचाच वापर करावा.**
11. **कॅलक्युलेटर किंवा लॉग टेबल वापरण्यास परवानगी नाही.**
12. **चुकीच्या उत्तरासाठी गुण कपात केली जाणार नाही.**

Your Personal Exam Guide

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide

JAN - 05318/III—B

# URDU

## Paper III

Time Allowed : 2½ Hours] [Maximum Marks : 150

**Note :** This Paper contains **Seventy Five** (75) multiple choice questions, each question carrying **Two** (2) marks. Attempt *All* questions.

1. ذکرِ میر کیا ہے؟

(A) خودنوشت سوانح

(B) مثنویاتِ میر کا مجموعہ

(C) غزلوں کا مجموعہ

(D) کلامِ میر کی شرح

2. عصمت چغطائی نے 'راحت' کا کردار اپنے کس افسانے میں پیش کیا ہے؟

(A) بچھو پھوپھی

(B) چوتھی کا جوڑا

(C) لحاف

(D) ننھی کی نانی

3. سو بار تیرا دامن ہاتھوں میں میرے آیا
جب آنکھ کُھلی دیکھا اپنا ہی گریباں تھا

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) حسرت موہانی

(B) اصغر گونڈوی

(C) فیض احمد فیض

(D) فراق

4. 'اسد' آغا حشر کے کس ڈرامے کا کردار ہے؟

(A) سلور کنگ

(B) خوبصورت بلا

(C) یہودی کی لڑکی

(D) سیتا بنواس

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



5. نجم النسا کس مثنوی کا کردار ہے؟

(A) قطب مشتری

(B) سحرالبیان

(C) گلزار نسیم

(D) زہر عشق

6. ذیل میں کون سا ڈراما ایمرجنسی کے پس منظر میں لکھا گیا ہے؟

(A) سچ کا زہر

(B) ریہرسل

(C) آگرہ بازار

(D) ضحاک

7. یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے
ہم اور بلبل بیتاب گفتگو کرتے
یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) خواجہ میر درد

(B) خواجہ حیدر علی آتش

(C) غالب

(D) میر تقی میر

8. افسانہ 'ایک طوائف کا خط' کے مصنف کا نام بتائیے۔

(A) سعادت حسن منٹو

(B) قاضی عبدالغفار

(C) کرشن چندر

(D) عصمت چغتائی

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



9. قصیدے کی تمہید کو کیا کہتے ہیں؟

(A) تشبیب

(B) گریز

(C) مدح

(D) چہرہ

10. کالی داس کے ناٹک شکنتلا کا ترجمہ کاظم علی جواں نے کس نام سے کیا؟

(A) شکنتلا

(B) شکنتلا ناٹک

(C) تاریخ فرشتہ

(D) مذہب عشق

11. سرسید کی کتاب ''اسباب بغاوت ہند'' کی پہلی اشاعت کب ہوئی؟

(A) 1857ء

(B) 1858ء

(C) 1859ء

(D) 1860ء

12. کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے
رن ایک طرف، چرخ کہن کانپ رہا ہے
یہ شعر کس کے مرثیے کا حصہ ہے؟

(A) انیس

(B) دبیر

(C) جوش

(D) جمیل مظہری

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



13. ترقی پسند مصنفین کی دوسری کل ہند کانفرنس

کب اور کس شہر میں ہوئی ؟

(A) 1938، کلکتہ

(B) 1938، دلی

(C) 1937، حیدرآباد

(D) 1937، بھیمڑی

14. ادا و نازسوں آتا ہے وہ روشن جبیں گھر سوں

کہ جیوں مشرق سے نکلے آفتاب آہستہ آہستہ

یہ شعر کس کا ہے؟

(A) قلی قطب شاہ

(B) ولی

(C) درد

(D) میر تقی میر

15. 'انجمن پنجاب کا سال قیام کیا ہے؟

(A) 1862ء

(B) 1865ء

(C) 1874ء

(D) 1869ء

16. ایک روشن دماغ تھا، نہ رہا

شہر میں اک چراغ تھا، نہ رہا

یہ شعر حالی نے کس کے بارے میں کہا ہے؟

(A) سرسید

(B) شبلی

(C) غالب

(D) شیفتہ

Prepp Your Personal Exam Guide

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



17. ''ذکاء اللہ کا دماغ ایک بنیے کی دکان ہے جس میں ہر قسم کی جنس موجود رہتی ہے۔''
یہ کس کا قول ہے؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) سرسید احمد خاں

(C) الطاف حسین حالی

(D) شبلی نعمانی

18. کس شاعر نے شمال اور جنوب کے درمیان پل کا کام کیا؟

(A) درد

(B) سراج

(C) امیر خسرو

(D) ولی

19. ''جو احسان ولی نے اردو شاعری پر کیا تھا وہی احسان گلکرسٹ نے اردو نثر پر کیا ہے۔'' یہ کس نے کہا ہے؟

(A) مولوی عبدالحق

(B) میرامن

(C) ماسٹر رام چندر

(D) امام بخش صہبائی

20. اردو ہندی کس بولی کے دو ادبی روپ ہیں؟

(A) برج بھاشا

(B) کھڑی بولی

(C) قنوجی

(D) بُندیلی

Your Personal Exam Guide

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



.21 ہند آریائی خاندانوں کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(A) تین حصے

(B) پانچ حصے

(C) دو حصے

(D) چار حصے

.22 آصف الدولہ کے دور میں کون سی مثنوی لکھی گئی؟

(A) ابر کرم

(B) گلزار نسیم

(C) سحر البیان

(D) عبرت الغافلین

.23 اردو کی طبع زاد داستان کون سی ہے؟

(A) باغ و بہار

(B) نوطرز مرصع

(C) بوستان خیال

(D) فسانۂ عجائب

.24 درج ذیل میں سے کون سی کتاب کلیم الدین احمد کی نہیں ہے؟

(A) اردو شاعری پر ایک نظر

(B) داستان سے افسانے تک

(C) اردو تنقید پر ایک نظر

(D) اکیس نظمیں

.25 بستے ہیں تیرے سائے میں سب شیخ و برہمن
آباد تجھی سے ہے یاں گھر دیر و حرم کا

اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(A) ایہام

(B) تضاد

(C) مبالغہ

(D) تشبیہ

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



.26 غبار خاطر میں مولانا ابوالکلام آزاد نے کن پرندوں کی کہانی لکھی ہے؟

(A) مرغا اور مرغی

(B) کبوتر

(C) چڑا چڑے

(D) طوطا مینا

.27 اقبال کے یہاں مرد مومن کا تصور کس سے ماخذ بتایا جاتا ہے؟

(A) نطشے

(B) برگساں

(C) کانٹ

(D) شوپنہار

.28 راجیندر سنگھ بیدی کا ناول 'ایک چادر میلی سی' کا موضوع کیا ہے؟

(A) عورت کا ایثار

(B) فسادات میں لُٹی ہوئی عورت

(C) گھریلو عورت کا طوائف بننا

(D) شادی شدہ عورت کا اپنی زندگی سے فرار

.29 گزر رہا ہے سپاہی کا ڈیرا
ہو رہا ہے مری جاں سویرا
اور وطن چھوڑ کے جانے والے
کھل گیا انقلابی پھریرا
جانے والے سپاہی سے پوچھو
وہ کہاں جا رہا ہے

یہ کس کی نظم کا ٹکڑا ہے؟

(A) وامق جونپوری

(B) ن۔م۔راشد

(C) کیفی اعظمی

(D) مخدوم محی الدین

Prepp
Your Personal Exams Guide



30. 'کتھارسس' کے کیا معنیٰ ہیں؟

(A) احساس مسرت

(B) تزکیۂ نفس

(C) تسکین قلب

(D) ضبط نفس

31. ''مومن نے جب قدر اسالیب بیان میں نزاکت و لطافت پیدا کر دی ہے، وہ ان کی ذہانت اور جولانی کا تماشا گاہ ہے۔ انداز بیان کہیں کیفیت سے خالی نہیں۔''

یہ اقتباس کس کا ہے؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) شیفتہ

(C) عبدالحیٔ

(D) عبدالسلام ندوی

32. 'مضامین پطرس' کے علاوہ پطرس کے مزاحیہ مضامین کتنے اور مجموعے شائع ہوئے؟

(A) ایک

(B) دو

(C) تین

(D) ایک بھی نہیں

33. 'سراپا' کس صنف شاعری کا جُز ہے؟

(A) مثنوی

(B) قصیدہ

(C) مرثیہ

(D) غزل

34. جدیدیت کے علم برداروں نے کس بات کی شدید مخالفت کی؟

(A) عصری حسّیت

(B) علامت نگاری

(C) نظریاتی وابستگی

(D) داخلیت

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



35. ''انیس نے واقعہ نگاری کی صفت کو جس کمال کے درجے تک پہنچایا ، اردو کیا فارسی میں بھی اس کی نظیریں مشکل سے ملیں گی۔''

انیس کے بارے میں یہ قول کس کا ہے؟

(A) حالی

(B) شبلی

(C) سرسید

(D) وحیداختر

36. ذیل میں سے کون سا افسانہ کرشن چندر کا نہیں ہے؟

(A) آنندی

(B) مہالکشمی کا پُل

(C) اَن داتا

(D) بالکونی

37. ''انواع شاعری میں یہ صنف تمام انواع شاعری کی بہ نسبت زیادہ وسیع اور زیادہ ہمہ گیر ہے۔ شاعری کے جس قدر انواع ہیں سب اس میں نہایت خوبی سے ادا ہو سکتے ہیں۔''

شبلی نے اس اقتباس میں کس صنف شاعری کے اوصاف بیان کیے ہیں؟

(A) مثنوی

(B) قصیدہ

(C) مرثیہ

(D) رباعی

38. 'دریائے لطافت' کا موضوع کیا ہے؟

(A) تنقید

(B) تاریخ

(C) علم عروض

(D) قواعد

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



.39 نقش فریادی ہے کس کی شوخیٔ تحریر کا
کاغذی ہے پیرہن ہر پیکر تصویر کا
یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) داغ دہلوی
(B) ولی
(C) آتش
(D) غالب

.40 اس نثر کو کہا کہتے ہیں جس میں وزن ہو، قافیہ نہ ہو؟

(A) مقفّٰی
(B) مسجّع
(C) مرصّع
(D) مرجّز

.41 نظم 'شب قدر' انجمن پنجاب کے جلسے میں کس نے سنائی تھی؟

(A) محمد حسین آزاد
(B) حالی
(C) گِلکرسٹ
(D) شبلی

.42 'لکھنؤ کا عوامی اسٹیج' کس کی تصنیف ہے؟

(A) ابراہیم یوسف
(B) مسعود حسین خاں
(C) مسعود حسن رضوی ادیب
(D) سید حسن

.43 ''دنیا میں اگر کسی شاعر سے غالب کا مقابلہ ہوسکتا ہے، تو وہ گوئٹے ہے۔'' یہ قول غالب کے حوالے سے کس کا ہے؟

(A) آل احمد سرور
(B) وزیر آغا
(C) اسلوب احمد انصاری
(D) عبدالرحمٰن بجنوری

.44 'کاغذی ہے پیرہن' کس کی خودنوشت سوانح عمری ہے؟

(A) قرۃ العین حیدر
(B) رشید جہاں
(C) جیلانی بانو
(D) عصمت چغتائی

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



45. ''ایک شعر میں بُت پرستی ہے، دوسرے میں توحید و عرفان۔۔۔۔ابھی شب وصل کے مزے لوٹ رہے تھے ابھی شب ہجر میں مرنے لگے، ابھی جوش شباب اور شوق شراب تھا، ابھی پیری آ گئی اور خضاب لگا رہے ہیں۔''

غزل کے بارے میں یہ اقتباس کس کا ہے؟

(A) نظم طباطبائی

(B) عظمت اللہ خاں

(C) کلیم الدین احمد

(D) وزیر آغا

46. ذیل میں سے کون سی صنف زبانی بیانیہ کے لیے مشہور ہے؟

(A) داستان

(B) خودنوشت سوانح عمری

(C) سفرنامہ

(D) ناول

47. 'اس نظم میں' کس کی تنقیدی کتاب ہے؟

(A) ن۔م۔راشد

(B) میراجی

(C) فیض

(D) آل احمد سرور

48. 'منگل' کس ناول کا کردار ہے؟

(A) ایک چادر میلی سی

(B) بیوہ

(C) شکست

(D) اداس نسلیں

49. درج ذیل میں سے کون محقق نہیں ہے؟

(A) قاضی عبدالودود

(B) رشید حسن خاں

(C) مالک رام

(D) سہیل عظیم آبادی

Prepp
Your Personal Exams Guide



50. ایجاز و اختصار اور رمز و ایما کس شعری صنف کے امتیازی اوصاف ہیں؟

(A) مثنوی

(B) قصیدہ

(C) غزل

(D) مرثیہ

51. 'اردو کا ابتدائی زمانہ' کس کی تصنیف ہے؟

(A) شوکت سبزواری

(B) شمس الرحمٰن فاروقی

(C) مرزا خلیل احمد بیگ

(D) مسعود حسین خان

52. ذیل میں سے کون سا کردار رتن ناتھ سرشار کا تخلیق کردہ ہے؟

(A) ظاہر دار بیگ

(B) دل دار بیگ

(C) خوجی

(D) ملّا نصیر الدین

53. ذیل میں سے کون سا ناول مرزا ہادی رسوا کا نہیں ہے؟

(A) ذات شریف

(B) شریف زادہ

(C) افشائے راز

(D) دوگز زمین

54. 'نغمۂ الہام' کس کا مجموعۂ غزلیات ہے؟

(A) حسرت موہانی

(B) فانی بدایونی

(C) شاد عظیم آبادی

(D) یگانہ

55. خاقانی ہند کا خطاب کس شاعر کو ملا تھا؟

(A) سودا

(B) درد

(C) میر تقی میر

(D) ذوق

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



56. ذیل میں سے انجمن پنجاب کے تحت کون سی نظم لکھی گئی؟

(A) برکھا رُت

(B) صبح وطن

(C) مسدس حالی

(D) کلجگ

57. ''ان کو زبان اردو کے ساتھ وہی نسبت ہے جو ارسطو کو فلسفے کے ساتھ'' خان آرزو کے متعلق یہ قول کس کا ہے؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) مولوی عبدالحق

(C) شبلی نعمانی

(D) منشی کریم الدین

58. ''اپنے وقت کی نہایت فصیح و شیریں زبان ہے'' باغ و بہار کے اسلوب کے لیے یہ کس نے کہا؟

(A) وقار عظیم

(B) وحید قریشی

(C) گیان چند جین

(D) مولوی عبدالحق

59. 'گلزار نسیم' کے مصنف کا پورا نام کیا ہے؟

(A) پنڈت برج نرائن

(B) پنڈت موہن لال

(C) پنڈت دیا شنکر

(D) رگھوپتی سہائے

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



60. ''نظیر اکبرآبادی اردو شاعری کے آسمان پر ایک درخشندہ ستارہ ہے'' یہ قول کس ناقد کا ہے؟

(A) احتشام حسین

(B) کلیم الدین احمد

(C) امداد امام اثر

(D) عبدالمغنی

61. ''گل نغمہ'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(A) فیض احمد فیض

(B) خلیل الرحمٰن اعظمی

(C) جذبی

(D) فراق گورکھپوری

62. ذیل میں سے کون سی نظم جوش کی ہے؟

(A) صبح اُمید

(B) جنگل کی شہزادی

(C) بیکراں رات کے سناٹے میں

(D) کلرک کا نغمۂ محبت

63. ترقی پسند تحریک کا ابتدائی خاکہ کس ملک میں تیار ہوا؟

(A) ہندوستان

(B) روس

(C) برطانیہ

(D) فرانس

Prepp
Your Personal Exams Guide



64. نظم 'صدائے درد' اقبال کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟

(A) بال جبریل

(B) بانگ درا

(C) ارمغان حجاز

(D) ضرب کلیم

65. کس شاعر کا تعلق حلقہ ارباب ذوق سے نہیں تھا؟

(A) ن ۔م ۔ راشد

(B) میراجی

(C) ضیا جالندھری

(D) فیض

66. ذیل میں سے قائم چاندپوری کا تذکرہ کون سا ہے؟

(A) نکات الشعرا

(B) مخزن نکات

(C) گل رعنا

(D) گلشن ہند

67. نمکِ خوانِ تکلم ہے فصاحت میری
ناطقے بند ہیں سن سن کے بلاغت میری

یہ شعر کس کے مرثیے کا ہے؟

(A) انیس

(B) ضمیر

(C) خلیق

(D) دبیر

Prepp Your Personal Exam Guide

68. عاشق کہوا سیر کہو، آگرے کا ہے
مُلّا کہو دبیر کہو، آگرے کا ہے
یہ شعر کس کی نظم سے ماخوذ ہے؟

(A) نظیر اکبرآبادی

(B) حالی

(C) شبلی

(D) اکبرالہ آبادی

69. شاد عظیم آبادی کے ہم عصر شاعر کا نام بتایئے۔

(A) داغ دہلوی

(B) فراق گورکھپوری

(C) جوش ملیح آبادی

(D) عرفان صدیقی

70. سرور جہان آبادی کا انتقال کتنے سال کی عمر میں ہوا تھا؟

(A) 30 سال

(B) 32 سال

(C) 35 سال

(D) 40 سال

71. سعادت حسن منٹو کے افسانے 'نیا قانون' کا مرکزی کردار کون ہے؟

(A) بشن سنگھ

(B) بابو گوپی ناتھ

(C) منگو کوچوان

(D) الشیر سنگھ

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



72. اقبال نے اپنی 'نالۂ یتیم' کس جلسے میں پڑھی؟

(A) انجمن حمایت اسلام

(B) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

(C) دارالمصنفین

(D) دارالعلوم دیوبند

73. ملا وجہی نے سب رس میں حسن کے عاشق کے طور پر کس کو پیش کیا گیا ہے؟

(A) عقل

(B) دل

(C) عشق

(D) نظر

74. 'غالب کی شخصیت اور شاعری' کس کی کتاب ہے؟

(A) عبدالرحمٰن بجنوری

(B) رشید احمد صدیقی

(C) گوپی چند نارنگ

(D) شمس الرحمٰن فاروقی

75. 'بوا حسینی' ذیل میں کس ناول کا کردار ہے؟

(A) شریف زادہ

(B) فسانۂ آزاد

(C) فردوس بریں

(D) امراؤ جان ادا

www.prepp.in



## ROUGH WORK

Your Personal Exam Guide